Shabbir / Fazil

04-04-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈوچیری کے ساتھ ساتھ 4 ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی اور اپوزیشن رہنما راہل گاندھی کیرالم میں اپنی-اپنی چناوَ مہم انجام دیں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے اعلیٰ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ آزادنہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنائیں۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی جیٹ طیاروں کو مار گرائے جانے سے، ایران کے ساتھ بات چیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

4- افغانستان کی راجدھانی کابل میں ایک زلزلے میں 8 افراد ہلاک ہو گئے۔ اِس زلزلے کے جھٹکے شمالی بھارت میں محسوس کیے گئے۔

5- اور IPL کرکٹ میں، پنجاب کنگس نے، چنئی سُپر کنگس کو 5 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.Keralam Poll Campaign

آسام، پڈوچیری، کیرالم، تملناڈو اور مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناوَ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ کیرالم میں اب جب کہ انتخابی مہم کے لئے محض 4 دن باقی رہ گئے ہیں۔ وزیراعظم سمیت سینئر قومی لیڈر ریاست میں انتخابی مہم کے لیے پہنچ رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے :

V/C Smithy M Palluruty

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی آج دوپہر Thiruvalla میں NDA کے ایک عوامی جلسے میں شرکت کریں گے۔ اس کے بعد جناب مودی تیروانتھا پورم جائیں گے، جہاں وہ Killippalam سے Karamana

تک NDA کے ایک روڈ شو میں شامل ہوں گے۔ کانگریس کے سینئر لیڈر اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی آج Alappuzha میں UDF کی انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ وہ کوچی اور Kunnathunad میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ اس دورانCPM کے جنرل سیکریٹری ایم۔اے۔بے بی آج کوٹائم ضلع میں LDF کی انتخابی مہم میں شرکت کریں گے۔ کیرالم کے مختلف اضلاع میں کئی مرکزی وزراء، وزراءِ اعلیٰ، ریاستی وزراء نیز دیگر قومی لیڈر آج اور کل عوامی جلسوں اور روڈ شوز میں حصہ لیں گے۔

Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

[TN Electioneering]

تملناڈو میں نامزدگی کا عمل پیر کو ختم ہوگا۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 7 اپریل کو ہوگی اور 9 اپریل تک نام واپس لیے جا سکتے ہیں۔ واحد مرحلے پر مشتمل انتخابات کے تحت اِس ماہ کی 23 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ریاست میں انتخابی سرگرمیوں میں تیزی آ رہی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی پارٹی کے سینئر عہدیداروں اور لیڈروں کے ساتھ رازدارانہ میٹنگ کیلئے چنئی میں ہیں۔ x

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Joy

تملناڈو سیاسی طور پر ایک سرگرم ریاست ہے۔ پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے نوجوان جو سیاسی معلومات کے لئے سوشل میڈیا پر انحصار کرتے ہیں، سیاسی پارٹیوں کیلئے ایک چیلنج ہیں۔ سیاسی پارٹیوں کے لیڈر پوری ریاست میں روڈ شوز اور عوامی ریلیاں کر رہے ہیں۔ ہر جگہ رنگ برنگے پرچم دیکھے جا سکتے ہیں اور لیڈر ووٹروں تک رسائی کیلئے سرگرم ہیں۔

چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ........

[EC Directives]

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار، انتخابی کمشنرز ڈاکٹر سُکھبیر سنگھ سَندھو اور ڈاکٹر وِویک جوشی نے، مغربی بنگال کے چیف سکریٹری، ڈائریکٹر جنرل آف پولیس، کولکاتہ کے کمشنر، ڈویژنل کمشنرز، پولیس کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرلز، IGs، ضلع مجسٹریٹس، CPs، SSPs اور SPs کو ہدایت دی ہے کہ وہ آزادانہ، منصفانہ، شفاف اور غیر جانبدارانہ اسمبلی انتخابات کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ووٹروں کے دل میں کسی طرح کا خوف نہیں ہونا چاہیے اور انتخابات، تشدد، حراسانی، اور لالچ سے مبرّا ہونے چاہئیں۔

ہدایت میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ انتخابات کے دوران بوتھ پر قبضہ کرنے یا وائرلیس مواصلات میں رکاوٹ کا کوئی واقعہ نہ ہو۔x

WB NIA

مغربی بنگال کے مالدا میں Kaliyachok واقعے کے اصل ملزمین مفکرواسلام کو عدالت نے 14 دن کی پولیس تحویل اور اکرم البگانی کو 6 دن کی پولیس تحویل میں بھیجنے کا حکم دیا ہے۔ ان دونوں افراد کو BDO دفتر کا گھیراؤ کرنے کیلئے ہجوم کو مبینہ طور پر ورغلانے کے الزام میں کل گرفتار کیا گیا۔ مظاہرین ووٹر فہرست میں نام شامل کرنے کا مطالبہ کر رہے تھے اور انہوں نے عدالتی اہلکاروں کو دفتر کے اندر 9 گھنٹے سے زیادہ پانی اور کھانے کے بغیر بند رکھا۔

اس سے پہلے 40 ارکان پر مشتمل NIA کی ٹیم Kaliyachok-2 BDO دفتر میں بدھ کو 7 عدالتی اہلکاروں کو محصور کیے جانے کے واقعے کی تحقیقات کیلئے مالدا ضلع پہنچی تھی۔x

Profile Pala

آنے والے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات سے متعلق حلقہ جاتی Profile کی ہماری سیریز میں آج ہم کیرالم کی Pala اسمبلی سیٹ پر ایک نظر ڈال رہے ہیں۔

V/C Smithy

Kottayam کا Pala اسمبلی حلقہ کیرالم کے بالائی خطے کے زرخیز علاقے میں واقع ہے۔ جہاں ربر کی پیداوار معیشت کی بنیاد ہے۔ Pala میں ربر کی کاشتکاری معاشرے کے سبھی طبقات کے لیے موثر ہے۔ Pala میں موجودہ MLA، Mani-C Kappan، UDF کے آزاد امیدوار ہیں۔ انھوں نے 2021 کے اسمبلی چناؤ میں Josekmoni کو 15 ہزار کے ووٹوں کے فرق سے ہرایا تھا۔

قومی پارٹیوں کے امیدواروں سمیت دو آزاد امیدوار بھی Pala حلقے سے اسمبلی چناؤ لڑ رہے ہیں۔

تھیرو انتھا پورم سے Smithy M Palluruthy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

Nashik Accident

مہاراشٹر کے ناسک ضلع میں ایک دردناک حادثے میں ایک ہی کنبے کے 9 افراد کی جانیں اس وقت تلف ہوگئیں جب کل رات Dindori کے مقام پر ان کی کار ایک کنویں میں گر گئی۔ مہلوکین میں پانچ طلبہ شامل ہیں۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کنبے کے افراد ایک پرائیویٹ کوچنگ کلاس کرنے کے بعد لوٹ رہے تھے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق ان کی گاڑی علاقے میں تقریب کے مقام کے نزدیک ایک فارم ہاؤس واقع ایک کنویں میں گر گئی۔ بچاؤ کارروائی دیر رات جاری رہی۔ حکام اور مقامی شاشندے متاثرین کو نکالنے میں مصروف رہے۔ حادثے کی مزید چھان بین کی جا رہی ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Must Announcement

ہم اپنی سیریز ''آکاشوانی پر لوگوں کے پدم'' کی اگلی قسط میں، راجستھان کے سوامی برہم دیو جی مہاراج سے بات چیت کریں گے۔ اُنہیں سماجی کام کے میدان میں باوقار پدم شری خطاب سے نوازا جائے گا۔

S/B - Swami Brahmdev

آپ اِس گفتگو کو آج 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر صبح 9 بجکر 10 منٹ سے سُن سکتے ہیں۔
یہ پروگرام آپ NEWSONAIR ایپ اور NEWSONAIROFFICIAL یو ٹیوب چینل پر بھی سُن سکتے ہیں۔×

Trump US Jet Down

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے زور دے کر کہا ہے کہ امریکی فوجی جنگی طیاروں کو مار گرانے کا، ایران کے ساتھ سفارتی مذاکرات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق صدر ٹرمپ نے اِس اشارے کو مسترد کر دیا کہ اِس واقعے سے، ایران کے ساتھ مذاکرات میں تیزی آجائے گی۔
اِس رائے زنی سے، مخاصمت کے دوران، امریکی طیاروں کے نقصان کے تئیں اُن کے پہلے عوامی ردّ عمل کی عکاسی ہوتی ہے، جس سے فوجی کارروائی کے ساتھ ساتھ سفارتی اقدامات بھی جاری رہنے کا اشارہ ملتا ہے۔ ایران اور خلیج پر دو امریکی جنگی طیاروں کو فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا تھا۔ یہ بات کل ایران اور امریکہ کے افسران نے بتائی۔ اِس واقعے میں امریکہ کے دو پائلٹ بچ گئے اور تیسرا ابھی لاپتہ ہے۔ ایران کی فوج اُس کی تلاش کر رہی ہے۔ ×

Iran Accuses IAEA

ایران کی ایٹمی توانائی تنظیم نے، بین الاقوامی ایٹمی توانائی IAEA پر الزام عائد کیا ہے کہ اُس نے ایران کے نیوکلیائی بنیادی ڈھانچے پر فوجی حملوں کی مذمت کرنے میں ناکام رہنے کے بعد سازباز کی ہے۔ یہ اطلاع سرکاری براڈکاسٹر ٹی وی نے دی ہے۔
ایران کے ادارے نے زور دے کر کہا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کی حالیہ جارحیت کے خلاف اِس عالمی ادارے کی طرف سے آواز اُٹھانے سے منع کیا جانا، اِس ادارے کے، حملہ آوروں کے ساتھ ہونے کے مترادف ہے۔
آج سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے ایک بیان میں AEOI نے انکشاف کیا ہے کہ اُس کے سربراہ محمد اسلامی نے IAEA کی ڈائریکٹر جنرل Rafael Grossi سے بار بار رابطہ قائم کیا ہے۔

اسلامی کے پیغام میں ڈائریکٹر جنرل سے زور دے کر کہا گیا ہے کہ وہ ایران کے اُن مقامات پر نشانہ بنا کر کیے گئے غیر قانونی حملوں کی باقاعدہ مذمت کریں، جو توانائی کی پُر امن پیداوار کیلئے وقف ہیں۔×

UNSC Hormuz

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے آبنائے ہُرمز میں جہازوں کی آمدورفت کو ایران کے حملوں سے حفاظت کیلئے دفاعی فوج کے استعمال کی اجازت دینے پر ووٹنگ کو ملتوی کر دیا۔ 15 رکنی ادارے میں کل رات قرارداد کے ایک مسودے پر ووٹنگ ہونی تھی، یہ مسودہ بحرین نے پیش کیا تھا۔ البتہ اِس کے اوقات میں تبدیلی کر دی گئی۔ تبدیلی کی وجہ یہ بتائی گئی کہ اقوام متحدہ نے، Good Friday کو ایک عوامی چھُٹّی کے طور پر منایا ہے۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت خلیجی ملک بحرین کے پاس ہے۔ فی الحال اِس مسودے پر ووٹنگ کی کوئی تاریخ مقرر نہیں کی گئی ہے۔×

Meloni Saudi Visit

اٹلی کی وزیر اعظم Giorgia Meloni نے سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات کی ہے۔ وہ کل اپنے ایک غیر اعلان شدہ دورے پر جدّہ پہنچی تھیں۔ سعودی پریس ایجنسی نے بتایا ہے کہ ملاقات کے دوران انہوں نے دوطرفہ تعلقات اور مزید ترقی کے موقعوں کا جائزہ لیا۔

انہوں نے خطّے کے تازہ ترین حالات و واقعات، بین الاقوامی Navigation کی آزادی، فوجی جارحیت کے مضمرات، توانائی کی حفاظت، عالمی معیشت پر اِس کے اثرات اور مشترکہ کوششوں میں تعاون پر بھی بات چیت کی، تاکہ علاقائی سلامتی اور استحکام کو تقویت دی جا سکے۔×

Afghan Quake

کل رات ہندوکُش میں 5 اعشاریہ 8 شدّت کا زلزلہ محسوس کیا گیا، جس کے سبب وسطی افغانستان میں کم سے کم 8 افراد ہلاک ہو گئے اور افغانستان و پڑوس ملک پاکستان کے مختلف حصوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

ارضیاتی سائنسز کے جرمن تحقیقی مرکز کے مطابق زلزلے کی گہرائی 181 کلو میٹر تھی۔ دلّی این سی آر اور شمالی بھارت کے متعدد حصوں میں رات 9 بجکر 50 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

ابتدائی طور پر زلزلے کی شدّت 5 اعشاریہ 9 تھی، جو بعد میں کم ہو کر 5 اعشاریہ 8 ہو گئی۔ زلزلہ پاکستان کی راجدھانی اسلام آباد، شمال مغربی صوبے خیبر پختون خواہ اور شمالی گلگت بلتستان خطّے میں بھی محسوس کیا گیا۔×

IMD

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج جموں و کشمیر، لداخ، کیرالہ اور ماہے میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اُس نے کئی شمالی ریاستوں، اترپردیش، مشرقی مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ میں گرج کے ساتھ ژالہ باری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، ساحلی کرناٹک، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائکل میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اس دوران مغربی بنگال کے ترائی کے علاقے میں موسم کے گرم اور مرطوب رہنے کا آثار ہیں۔×

IPL

انڈین پریمیر کرکٹ میں، کل رات چنئی کے ایم-اے چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک میچ میں پنجاب کنگس نے چنئی سُپر کنگس کو پانچ وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کیلئے چنئی سُپر کنگس کی طرف سے دیے گئے 210 رن کے نشانے کو پنجاب کنگس نے 18 اوورس اور پانچ گیندوں میں 5 وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ چنئی کی طرف سے شریس ایّر نے سب سے زیادہ 50 رن بنائے، جبکہ پنجاب سُپر کنگس کے کھلاڑی Ayush Mhatre نے سب سے زیادہ 73 رن بنائے۔ پنجاب کے پریانش آریہ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ آج سہ پہر ساڑھے تین بجے دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپیٹلس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ ایک دوسرے میچ میں، آج شام ساڑھے سات بجے احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔×

SAFF U20 Final

کل مالدیپ میں نیشنل اسٹیڈیم میں 20 سال تک کے مردوں کی SAFF چیمپئن شپ کے فائنل میں بھارت کی فٹ بال ٹیم، بنگلہ دیش کی ٹیم سے تین-چار سے Penalties میں ہار گئی۔ اِس چیمپئن شپ میں، یہ بنگلہ دیش کا دوسرا خطاب ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے تملناڈو اسمبلی الیکشن کیلئے کانگریس کی طرف سے 27 امیدواروں کی فہرست جاری کرنے اور بھارتیہ جنتا پارٹی کی طرف سے بھی امیدواروں کی فہرست جاری کرنے کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔

آج کے بیشتر اخباروں نے حکومت کی جانب سے خواتین ریزرویشن بل میں ترمیم پر بحث کے لیے 16 اپریل سے پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس بلائے جانے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

بہار کے موتیہاری ضلع میں زہریلی شراب سے چار افراد کی موت، کئی لوگوں کی بینائی ختم۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے دلّی، این سی آر سمیت شمالی بھارت میں زلزلے کے شدید جھٹکے کی خبر پر توجہ دی ہے۔ خبروں کے مطابق زلزلہ افغانستان۔تاجکستان کے سرحدی علاقوں میں آیا جس کی شدت ریختر پیماں پر پانچ اعشاریہ نو تھی۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈوچیری کے ساتھ ساتھ 4 ریاستوں میں اسمبلی انتخابات کی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ وزیر اعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی اور اپوزیشن رہنما راہل گاندھی کیرالم میں اپنی-اپنی چناوٴ مہم انجام دیں گے۔

2- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے اعلیٰ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ آزادنہ اور شفاف انتخابات کو یقینی بنائیں۔

3- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکی جیٹ طیاروں کو مار گرائے جانے سے، ایران کے ساتھ بات چیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

4- افغانستان کی راجدھانی کابل میں ایک زلزلے میں 8 افراد ہلاک ہو گئے۔ اِس زلزلے کے جھٹکے شمالی بھارت میں محسوس کیے گئے۔

5- اور IPL کرکٹ میں، پنجاب کنگس نے، چنئی سُپر کنگس کو 5 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------